پندرہ روزہ

الہلال

ٹورانٹو - کنیڈا

قیمت: ۵۰ سینٹ

۱۵ رجب ۱۴۰۱ھ — ۲۰ مئی ۱۹۸۱ء

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیرالاشاعت اخبار

جلد: ۱۰
شمارہ: ۵

وفاقی کونسل اور سندھ کابینہ کی منظوری دیدی گئی

- ۵۶ء کے آئین کی منسوخی پر کسی جج نے احتجاج نہیں کیا
- ۶۲ء کا آئین نافذ ہوا تو عدالتوں کی حیثیت کم ہوگئی
- ۶۹ء کا مارشل لاء نافذ ہونے پر بھی صورتحال یہی رہی
- عدلیہ کے اختیارات میں کمی کے لئے آئین میں ترمیم کی گئی
- ۷۷ء میں الوری کے اختیارات ختم کئے گئے تو بھی ججوں نے تلخی نہیں کی گئی

لاہور ہائی کورٹ نے عارضی آئین کے حکم کو جائز قرار دیدیا

[illegible]

صرف اتنا ہوا ہے کہ حکم ۷۷ء واپس کر مارشل لاء سے پہلے کی پوزیشن بحال کر دی گئی

قبل ازیں بھی عدالتوں کا کام صرف ان پر عملدرآمد کرانا ہوتا ہے

[illegible]

سندھ اور بلوچستان کی کابینہ کے ارکان کے ناموں کے اعلان کی توقع

اسلام آباد — [illegible]

بہار شریف اور نالندہ میں مسلم کش فسادات جاری ہیں ۲۴۶ افراد گرفتار

[illegible]

اندرا نے ......
دوسرے ایٹمی دھماکے کا
...... حکم دے دیا:
دھماکہ راجستھان میں کیا جائے گا ....
سائنسدان دن رات تیاریوں میں مصروف ہیں۔

[illegible]

صدر ضیاء نے انتخابات اور پاکستان کے سیاسی نظام پر غور کرنے کیلئے کمیٹی بنا دی ہے۔ کابینہ کی سفارش کے بعد وہ فیصلے کا اعلان کر دیں گے

پاکستان علاقے کیلئے کسی فوجی معاہدے میں شامل نہیں ہوگا۔ آغا شاہی

[illegible]

ہمارا تعلق صرف فوجی خریداری سے ہے فوجی امداد سے نہیں

ہم کسی بڑی طاقت کے آلۂ کار بننے کو تیار نہیں۔ بھارت امریکی پالیسی کو [illegible]

[illegible]

[illegible]

بیرون ملک پاکستانیوں کے بچوں کیلئے ایک کروڑ روپے سے امداد کے وظائف کا اعلان

زرمبادلہ فراہم کرنے والے پاکستانیوں کی خدمت ہمارا فرض ہے۔ غلام دستگیر

[illegible]

کینیڈا میں مردم شماری۔
یہ کیا ہے اور اس کا مطلب کیا ہے۔؟
اور ہمیں کیوں اس کی ضرورت ہے۔؟
اس سال مردم شماری ۳ جون کو ہوگی۔

ہر پانچ سال بعد کینیڈا کی حکومت مردم شماری کرتی ہے اور اس کے تحت آپ سے آپ کے خاندان، آپ کی رہائش، آمدنی، تعلیم اور روزگار وغیرہ کے بارے میں سوالات کیے جاتے ہیں تاکہ مستقبل کی منصوبہ بندی کے لئے ضروری معلومات مہیا ہو سکیں۔ اس طرح ملک میں ہونے والی تبدیلیوں کا ریکارڈ کیا جاتا ہے۔

یہ نہایت ضروری ہے کہ گورنمنٹ کو یہاں رہنے والے ETHNIC GROUPS کے بارے میں تازہ ترین معلومات حاصل رہیں۔ چونکہ ان گروپس کے بارے میں جو پروگرام بنائے جاتے ہیں وہ زیادہ تر مردم شماری سے حاصل ہونے والی معلومات کے پیش نظر بنائے جاتے ہیں۔

اگر آپ کو کسی سوال کا جواب دینے میں کوئی دشواری پیش آئے تو آپ سوالنامے میں دیئے ہوئے نمبر پر فون کر سکتے ہیں اگر ضرورت ہوئی تو آپ کی زبان بولنے والے افسر آپ کی مدد کر سکیں گے۔

اگر آپ کے مردم شماری کے کاغذات کے ساتھ جوابی لفافہ موجود ہو تو سوالنامہ پُر کرکے ڈاک کے حوالے کر دیجئے۔ اگر جوابی لفافہ ساتھ نہ ہو تو سوالنامہ اپنے ہی پاس پُر کرکے رکھیئے مردم شماری کا نمائندہ اسے واپس لینے آئے گا۔

اگر یکم جون تک سوالنامہ نہ ملے تو "0" ڈائیل کرکے آپریٹر سے ZENITH 0-1981 کو لائن مانگیئے۔ پھر اپنا نام اور پتہ دیجئے۔ سوالنامہ آپ تک پہنچا دیا جائے گا۔

مردم شماری کا نمائندہ آپ کے گھر ایک سوالنامہ پہنچائے گا جسے کہ آپ کے خاندان کا ایک فرد پُر کرے گا۔ مردم شماری کینیڈا کے لیے نہایت ہی اہم ہے۔ اس لیے قانون کہتا ہے کہ مردم شماری کا سوالنامہ ۳ جون ۱۹۸۱ کو پوری توجہ کے ساتھ پُر کیا جانا چاہیئے۔ اسی قانون کے تحت یہ لازمی ہے کہ آپ کے بتائے ہوئے جوابات کا کسی اور کو علم نہ ہو سوائے مردم شماری کے نمائندے کے جو رازداری کا حلف لئے ہوئے ہوتا ہے۔ کوئی دوسرا یا گورنمنٹ کا کوئی اور محکمہ آپ کے جوابات نہیں دیکھ سکتا۔ آپ کی دی ہوئی معلومات کو آپ کے خاندان کے افراد کے ساتھ شامل کرکے صرف کل اعداد کی اشاعت کی جاتی ہے۔

مردم شماری کی معلومات اس لئے خاص طور پر اہم ہیں کہ اس سے کینیڈا میں آئندہ آنے والے نئے افراد کی تعداد کا پتہ چلتا ہے۔ آپ اس بات میں ذاتی طور پر یوں مدد کر سکتے ہیں کہ سوالنامہ پوری توجہ کے ساتھ پُر کرکے ۳ جون تک واپس بھیج دیں۔

کینیڈا کا ایک حصہ ہونے کی حیثیت سے مردم شماری کا ایک حصہ ہونا بھی آپ کے لیے ضروری ہے۔

۳ جون مردم شماری کا دن ہے۔
اپنے آپ کو اس دن شمار کیجیے۔

کینیڈا کے اعداد و شمار

Canada

1981 Census of Canada

Recensement du Canada de 1981

ظہیر عباس

مین آف دی ٹورنامنٹ :

طے شدہ امور کو دوبارہ چھیڑا گیا تو ملک کو نقصان پہنچے گا میاں طفیل

پاکستان کیلئے سیاسی نظام کا فیصلہ تحریک پاکستان کے دوران ہی ہو گیا: اب تک کئے ہوئے کام پر پانی نہ پھیر ا جائے

دشمن کے آلہ کار عناصر کے عزائم ناکام بنا دیجئے

نوجوان سے قیادت سنبھالنے کیلئے خود کو تیار کریں

ہمارا اجیت مقابلہ کویت میں ہوگا

تاریخ کا اعلان جلد کر دیا جائے گا



قادیانیوں کو بھارت میں بھی غیر مسلم قرار دے دیا گیا

مسلمانوں کے مذہبی قوانین میں مداخلت کے امکان پر حکومت کو سخت انتباہ

ملک کے ممتاز علماء اور مسلم دانشوروں نے بھی شرکت کی

بار کروڑ مسلمانوں کی بہبود کیلئے بھارت سے تجارتی تعلقات ضروری ہیں گیجی دوست

پاکستان ہماری ضروریات پوری نہیں کر سکتا۔ لیکن تجارتی تعلقات کو فروغ دیا جا سکتا ہے

افغانستان کے مسئلہ پر پاکستان اور ایران کو یکساں نقطہ نظر اپنانا چاہیے۔ پی پی آئی کو انٹرویو

Please Visit For

Halal Meat & Spices

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی

پہلی دوکان

AFRO ASIAN

918 PAPE AVENUE
TORONTO

ہندوستانی اور پاکستانی فلموں کی ویڈیو ٹیپس اور مشینیں کرایہ پر دستیاب ہیں۔ آج ہی فون کیجئے

PHONE: 463-1287

ڈاکٹروں کے بیرون ملک جانے پر پابندی ختم کر دی جائے گی: وزیر صحت

حکومت تمام ڈاکٹروں کو روزگار مہیا نہیں کر سکتی

نئے ڈاکٹروں کے لیے تین سال کی لازمی دیہی سروس کی شرط عائد کرنے پر غور کیا جا رہا ہے

[illegible]

۱۲ ایرانیوں کو فلپائن سے نکال دینے کا فیصلہ

[illegible]

پاکستان میں ٹیلی ویژن سیٹس کی تعداد ساڑھے ۹ لاکھ ہو گئی — ۹۷ ہزار رنگین ٹی وی سیٹ ہیں

کراچی — (رپورٹ طاہر مسعود) پاکستان میں گزشتہ دس سال کے دوران [illegible]

رنگین ٹی وی سیٹ خریدنے کے رجحان میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے

[illegible]

مقبوضہ کشمیر میں بے گناہ مسلمانوں پر مظالم ڈھائے جا رہے ہیں: مولوی فاروق

چھوٹے چھوٹے واقعات پر بڑے پیمانے پر گرفتاریاں کی گئیں، مسلمانوں کے متعدد مکانات نذر آتش کر دیے گئے، مسلمانوں سے متحد ہونے کی اپیل

[illegible]

کراچی کے آزاد صنعتی علاقہ میں امریکہ، سعودی عرب اور دیگر ممالک کے سرمایہ کار سرمایہ لگائیں گے

کراچی — [illegible]

عمران خان ڈچز آف نارفوک کی ٹیم میں

[illegible]

مسلم ممالک بھارتی مسلمانوں کو ہندو اکثریت کے ظلم سے بچائیں: میاں طفیل محمد کی اپیل

[illegible]

داڑھی رکھنے پر پولیس کانسٹیبل معطل

[illegible]

تہران میں برطانوی سفارت خانے سے ملحق سڑک کا نام "بوبی سینڈز سٹریٹ" رکھ دیا گیا

[illegible]

ANNOUNCING A PROGRAM TO HELP COMMUNITY GROUPS IN ONTARIO WHO HELP UNEMPLOYED YOUTH

انٹاریو کے اُن کمیونٹی گروپس کے لیے ایک پروگرام جو بے روزگار نوجوانوں کی مدد کرتے ہیں۔

اگر آپ کا کمیونٹی گروپ ایسے نوجوانوں کی کونسلنگ کا انتظام کرنے میں دلچسپی رکھتا ہے جن کی تعلیم کم ہے یا جنہیں کسی ملازمت کے حاصل کرنے کے لیے بنیادی صلاحیتوں کو کام میں لانے کی خاطر خواہ ٹریننگ چاہیے تو ایسے گروپ کو مالی امداد مل سکتی ہے۔

BILD (بورڈ آف انڈسٹریل لیڈرشپ اینڈ ڈیولپمنٹ) کا ایک حصہ ہونے کی بنا پر انٹاریو یوتھ سکریٹریٹ اور انٹاریو مین پاور کمیشن نے ایک ایسا پروگرام مرتب کیا ہے جو بے روزگار نوجوانوں کے خاص مسائل حل کرنے میں کمیونٹی کی ہمت افزائی کرے گا۔ کونسلنگ سروسیں کی امداد کے لیے انٹاریو یوتھ سکریٹریٹ سالانہ ساٹھ ہزار ڈالر تک آپ کی لگائی ہوئی رقم کے مساوی رقم دینے کے لیے تیار ہے۔

کیا آپ اس پروگرام میں دلچسپی رکھتے ہیں؟ کیا آپ اس سلسلے میں مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں؟ اس پروگرام کی تفصیلی وضاحت کرنے والا کتابچہ حاصل کرنے کے لیے ذیل کا کوپن پُر کر کے بھیجئے۔

ONTARIO YOUTH SECRETARIAT

انٹاریو یوتھ سکریٹریٹ
حکومت انٹاریو کی
ایک ایجنسی جو نوجوانوں
کے لیے کام کر رہی ہے
اور آپ کے لیے کام کر رہی ہے

Ontario Youth Secretariat, Queen's Park, Ontario M7A 1Z1

Please send me the brochure "Funds for Youth Employment Counselling Programs"

Name ______________________

Community Group ______________________

Address ______________________

City/Town ______________ Postal Code ____________

Ontario

Margaret Birch,
Provincial Secretary
for Social Development
William Davis, Premier

سکھوں کی آزاد ریاست "خالصتان" کے قیام کی تحریک زور پکڑ رہی ہے

الہ آباد (بھارت) سے جاری ہونے والے رسالے "پرچم" کی جنوری ۱۹۸۱ء کی اشاعت میں سکھوں کی تحریک خالصتان (سکھوں کا آزاد وطن) کے بارے میں ایک مضمون شائع ہوا ہے جسے ہم قارئین کے مطالعے کیلئے پیش کر رہے ہیں۔ (ادارہ)

کینیڈا والے ایک سکھ نے ... ڈاک ٹکٹ چھاپنا شروع کر دیئے۔ بھارت کے ایک پریشان افسر ... ایک خط موصول ہوا جس پر بعض ایسے ٹکٹ لگے ہوئے تھے جنہیں (POLY-THENE STICKERS) پولی تھین اسٹکرز کہا جا سکتا ہے۔ ... خالصتان کا مطلب ایک آزاد اور خودمختار سکھ ریاست ہے ... [illegible]

اکالی سرکار ... اگر آسام جیسی تحریک مشرقی پنجاب میں بھی شروع ہو گئی تو یہ بھارت کا انتہائی سنگین بحران ثابت ہوگا ... [illegible]

جگجیت سنگھ چوہان ... [illegible]

جسارت رپورٹ

پاکستان کے بانی قائد اعظم محمد علی جناح نے کہا تھا ... [illegible]

پنجاب کی صورت حال آسام سے زیادہ سنگین ہے: اندرا حکومت کی پریشانی

[illegible]

اکالی دل کیا ہے

[illegible]

اکال تخت سے احکام جاری ہونے لگے

لفافوں پر آزاد خالصتان کے ٹکٹ لگائے جا رہے ہیں

[illegible]

اسلام کے پانچ فقہی مسالک کے درمیان کوئی اختلاف نہیں: ظفر الحق

ان سب کی بنیاد قرآن و سنت پر ہے۔ شیعہ و سنی اسلام اور پاکستان کی جدوجہد میں شانہ بشانہ رہے ہیں۔ ... تمام فقہوں کی مستند کتابیں جمع کی جا رہی ہیں ...

[illegible]

امریکہ قرضے کی ادائیگی میں پاکستان کو سہولت دے گا

[illegible]

نالندہ کے سکھ کش فسادات میں ۱۲۰۰ خاندان اپنے گھروں سے محروم ہو گئے

متاثرہ علاقے پر فوجی ہیلی کاپٹر پرواز کر رہے ہیں اور بھارتی سرحدی فوج شہر میں متعین ہے

[illegible]

ہفت روزہ
الاسلام
سُپر اسپورٹس لیٹیڈ

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ
سنو! جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے (القرآن)

عمل کے بغیر خیال ایک بیج کی طرح ہے جسے بویا نہ گیا ہو

جام صادق علی اینڈ کو!

ایک انگریزی ماہنامہ میں سابق وزیر اعلیٰ سندھ جام صادق علی کے اس خط کا انگریزی متن اور ترجمہ شائع ہوا ہے، جو اس نے لندن سے سعودی عرب کے ایک متعلقہ وزیر اور شاہی خاندان کے رکن کے نام بھیجا تھا، اور جس میں اپنی بدحالی کا رونا روتے ہوئے سابق مہربانیوں کے حوالے سے دو لاکھ پونڈ کی امداد کی التجا کی گئی ہے۔ اس شخص نے اپنے دور حکومت میں لوٹ مار اور قتل و غارت گری کا جو بازار گرم کیے رکھا تھا، اس کی کافی تفصیل سرکاری اہتمام میں شائع ہونے والے "وائٹ پیپرز" میں موجود ہے۔ اس نے اپنے آقا و مربی کو خوش کرنے کے لیے جو غیر معمولی سلسلہ ظلم و ستم روا رکھا تھا، اس کی ایک کڑی ــ چھ جیالاتی جوانوں کو نام نہاد پولیس مقابلے میں ہلاک کرنے کی وحشیانہ واردات ــ عدالت میں زیر سماعت ہے۔ پانچ جولائی ۱۹۷۷ء کے بعد بہت جلد یہ شخص جس طرح (مبینہ طور پر جاری دہشت گردی) ملک سے فرار ہونے اور کیفر کردار تک پہنچنے سے بچ نکلنے میں کامیاب ہوا تھا، اس کی صدائے بازگشت اب تک واقف حال لوگوں کی محفلوں میں سنی جاتی ہے۔ باہر جانے کے بعد اس نے ابوظہبی، لیبیا وغیرہ کے حکمرانوں سے سابق تعلقات کے حوالے سے کاروبار میں اشتراک کے نام پر جو بھاری رقوم حاصل کیں، اور سازشی عناصر اور تخریب کاروں کی تربیت وغیرہ کا جو اہتمام کیا، حکومت کے تفتیشی اور تحقیقاتی اداروں کے پاس اب تک اس کے کافی دستاویزی ثبوت جمع ہو چکے ہوں گے۔ بہرحال مذکورہ وعدہ کار کے حوالے سے سعودی عرب، ابوظہبی، لیبیا وغیرہ کے دوست اور برادر ملکوں کے حکمرانوں کے سامنے یہ سوال ضرور اٹھانا چاہیے کہ جن پاکستان کو وہ اسلام کا قلعہ قرار دیتے ہیں، اس کے قانون سے ایسے جگہ جگہ مجرم عناصر کو کیوں نوازا جاتا ہے، جو اسلام کے کھلے دشمنوں کے آلۂ کار بن کر پاکستان کی آزادی و سلامتی کے درپے آزار ہیں اور اپنے آقا و مربی کی اولاد کی طرح بیرک کارل کی وفاداری سے دوش اور اس کے بدنام زمانہ تنظیم اوارے کے لیے جی کے ایجنٹوں کا کردار ادا کر رہے ہیں؟ ہمیں امید ہے کہ جب دستاویزی ثبوت کے ساتھ جام صادق علی، مصطفیٰ کھر، مرتضیٰ بھٹو ایسے ہی بے ضمیر مجرموں کا کچا چٹھا برادر عرب ملکوں کے حکمرانوں کے سامنے رکھا جائے گا، تو وہ آئندہ سے ان سازشیوں کو مالی امداد اور مزید دودھ پلانے کے بجائے ان سے ایسا سلوک کریں گے جو ایسے غداروں کا ملا تک امت کے مصداق مذہب پاکستان کے خلاف سازش کے ہر حال میں باعث عبرت انتقام ثابت ہو گا۔ بصورت دیگر ہم پاکستان ان کی طرف سے جانی دشمن کے جواب میں یہ کہنے میں حق بجانب ہوں گے: "دوست یاں تھوڑے ہیں اور بھائی بہت۔"

روزنامہ نوائے وقت لاہور

یومِ اقبال آیا اور گزر گیا۔ جلسے، تقریریں، پیغامات ــ وہ سب کچھ ہوا جو ہر سال ہوتا ہے۔ لیکن ایک سوال اپنی جگہ ہے۔ ایک عجیب سا تلخ سوال، ایک ایسا سوال جس سے ہم سب آنکھیں چراتے ہیں۔ کیا پورے ملک میں ایک فرد بھی ایسا ہے جو اقبال کے خیالات پر عمل کرتا ہے؟ آٹھ کروڑ انسانوں میں ایک فرد؟ کہا جاتا ہے کہ اقبال فقط ایک شاعر نہیں تھے، کہا جاتا ہے کہ ان کا فلسفہ ایک عملی فلسفہ ہے۔ پھر اقبال کے پیغام پر عمل کیے بغیر صرف ان کے خیالات دہراتے رہنے کے کیا معنی؟ اقبال کے پیغام پر عمل نہیں ہو رہا، معلوم نہیں یہ اقبال کا المیہ ہے یا ہمارا؟ اور ہم ایسے المیوں کا شمار کریں تو بات کہاں سے کہاں پہنچے گی۔ اقبال کے پیغام پر عمل نہیں کرتے، قائد اعظم کے ارشادات پر عمل نہیں کرتے، حتیٰ کہ ہم دین اسلام اسلام کہنے کے باوجود اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے احکامات پر عمل نہیں کرتے۔ ہم ایک ایسی قوم ہیں جو کتابوں پر یقین رکھتے ہیں۔ ہم ہر ایک چیز کا کتبہ بنا لیتے ہیں۔ اسے اپنے کمروں کی دیواروں کی زینت بنا لیتے ہیں۔ اور مطمئن ہو جاتے ہیں کہ ہم نے اپنا فرض پورا کر دیا ہے۔

عمل کے بغیر خیال ایک بیج کی طرح ہے جسے بویا نہ گیا ہو جس سے کوئی کونپل نہ پھوٹے، جو کبھی شجر نہ بنے۔ اور اچھے خیالات اچھے عمل کے بغیر صرف خوابوں کی طرح ہیں، تخیلے خوابوں کی طرح جو تعبیر سے کبھی آشنا نہ ہوں۔ اقبال کا پیغام ہماری بے عملی سے ایک خواب بے تعبیر بن کر رہ گیا ہے جیسے سنگلاخ زمین میں ڈال دیا گیا۔ اقبال نے آج ہمیں اپنی کشت ویراں سے مایوس نہیں ہونا ہے۔ ذرا نم ہو تو یہ مٹی بہت زرخیز ہے۔ اسے صرف تھوڑی سی نمی چاہیے، لیکن اقبال کے آنسو سے نم نہیں کر سکتے۔ وہ جنگلوں کے شہد میں ...

[illegible]

سیاسی تلخیاں دیکھ کر ایک سخت بے ادبی بات آ گئی ... جب بہادر یار جنگ جیسے مجاہد اقبال کے عاشقوں میں تھے۔ اور اقبال کے مرد مومن کی طرح شہادت کی تمنا مقصود ...

روبرو

سلیم احمد

جہاد

علامہ اقبالؒ

فتویٰ ہے شیخ کا یہ زمانہ قلم کا ہے
دنیا میں اب رہی نہیں تلوار کارگر
لیکن جناب شیخ کو معلوم کیا نہیں؟
مسجد میں اب یہ وعظ ہے بے سود و بے اثر
تیغ و تفنگ دست مسلماں میں ہے کہاں
ہو بھی تو دل ہیں موت کی لذت سے بے خبر!
کافر کی موت سے بھی لرزتا ہو جس کا دل
کہتا ہے کون اسے کہ مسلماں کی موت مر!
تعلیم اس کو چاہیے ترکِ جہاد کی
دنیا کو جس کے پنجۂ خونیں سے ہو خطر
باطل کے فال و فر کی حفاظت کے واسطے
یورپ زرہ میں ڈوب گیا دوش تا کمر!
ہم پوچھتے ہیں شیخ کلیسا نواز سے
مشرق میں جنگ شر ہے تو مغرب میں بھی ہے شر
حق سے اگر غرض ہے تو زیبا ہے کیا یہ بات
اسلام کا محاسبہ، یورپ سے درگزر

[illegible]

مسلمان بھائی کے لیے پسند کرنا

[illegible]

نور بصیرت

میاں عبدالرشید

توحید

اقبالؒ رموزِ بیخودی میں ملتِ مسلمہ کے دو بنیادی ارکان گناتے ہیں۔ ایک توحید اور دوسرا رسالت۔ توحید کے بارے میں فرماتے ہیں:۔

دین، حکمت اور آئین سب کی بنیاد توحید ہے۔ توحید ہی سے زور و قوت اور مضبوطی پیدا ہوتی ہے۔

توحید، عالموں کو نئے نئے حیرت انگیز علوم سے روشناس کراتی ہے۔ اور عاشقانِ الٰہی کو عمل کے لیے جوش و جذبہ عطا کرتی ہے۔ اس کے سایہ میں پست بلند ہو جاتا ہے۔ اور خاک، اکسیر بن جاتی ہے۔ اس سے بندہ نئی زندگی پاتا ہے اور برگزیدہ ہو جاتا ہے۔ اس کے رگوں کے اندر خون بجلی کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ اس کے شکوک و شبہات مٹ جاتے ہیں، ایمان پختہ ہو جاتا ہے، جس سے کائنات کے راز اس پر روشن ہو جاتے ہیں اور وہ سراپا عمل بن جاتا ہے۔

ملت مسلمہ بدن ہے اور لا الٰہ اس کی جان ہے۔ لا الٰہ سے ہمارے ساز میں ہم آہنگی پیدا ہوتی ہے۔ لا الٰہ ہمارے اسرار کا سرمایہ اور ہمارے افکار کا شیرازہ بند ہے۔ [illegible]

حکایاتِ عزیمت

[illegible]

ابو حنیفہؒ کی وصیت

[illegible]

ادب و ثقافت

تازہ بہ تازہ نو بہ نو

اکادمی ادبیات کا تازہ کارنامہ

اکادمی ادبیات پاکستان نے چند ماہ قبل "اردو غزل کا انتخاب ۱۹۸۰ء تا ۱۹۷۹ء" شائع کیا ہے۔ یہ اکادمی کا ایک اور کارنامہ ہے جو اس نے اس سے قبل کے کارناموں کے بعد انجام دیا ہے۔ اس نے مرزا قلیچ بیگ کے ناول "زینت" کا جس طرح کا ترجمہ شائع کیا تھا، آپ اسی کالم میں اس پر ایک مجموعی تاثر پڑھ چکے ہیں۔

اردو غزل کے اس انتخاب پر بھی ایک عام تاثر جو پیدا ہوا ہے وہ کسی طرح بھی نظر انداز کیے جانے کے قابل نہیں رہا اس وجہ سے بھی کہ یہ انتخاب ایک قومی ادارے نے شائع کیا ہے جسے نہ صرف ایک قومی ادارے کی حیثیت حاصل ہے بلکہ اب تو یہ ادارہ تمام قومی ادبی اداروں کی نمائندگی بھی کر رہا ہے۔ اس انتخاب کی ترتیب و اشاعت کے تعلق سے اس پر بڑی ذمہ داریاں عائد ہوتی تھیں، لیکن افسوس کہ اس نے جس طرح اپنی نظم کی عالیہ کا تعارف میں جانبداری، اقربا پروری، ناپختگی اور بد نفسی کا ثبوت دیا تھا اس انتخاب میں بھی یہی پہلو نمایاں نظر آیا۔ [illegible]

پروفیسر صلاح الدین کی رحلت

بھارت سے آنے والی اطلاعات کے مطابق جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن میں شعبہ فلسفہ کے سابق پروفیسر صلاح الدین گزشتہ دنوں فوت ہوگئے۔ مرحوم نے فلسفے کے موضوع پر کئی کتابیں تصنیف اور ترجمہ کیں۔ اقبال کا تعلق جامعہ عثمانیہ کے بلند پایہ حلقے سے تھا۔

جشنِ فیض

گزشتہ ہفتہ ۱۹ اپریل کو بھارت کے شہر دہلی میں فیض احمد فیض کا سترسالہ جشنِ پیدائش منایا گیا۔ واضح رہے کہ بھارت میں فیض کا دوسری مرتبہ سترسالہ جشن پیدائش منایا گیا۔ توقع ہے کہ فیض کا پچھتر سالہ جشن پیدائش بھارت، افغانستان اور روس کے ہر شہر میں منایا جائے گا۔

سورج کی صلیب

صبا اکرام کا پہلا شعری مجموعہ "سورج کی صلیب" شائع ہو گیا ہے۔ اس کا دیباچہ ڈاکٹر وزیر آغا نے لکھا ہے اور فلیپ پر ڈاکٹر شمس الرحمٰن فاروقی کی رائے درج ہے۔ اس کی اشاعت کا اہتمام تشہیر کا مرافعہ کیا۔

دعائے صحت

طنز و مزاح کو شاعر جناب بوشی جوکر (ن ۔ ر ۔ ۳/۵ ۔ ۴ ۔ ۲۷ کراچی) شدید بیمار ہیں۔ احباب سے بحالی صحت کے لئے دعا کی گزارش ہے۔

تقریب رونمائی

ممتاز صحافی فردوس بھٹو کی تازہ تصنیف "رزم" [illegible] کی تقریب رونمائی [illegible] منعقد ہو رہی ہے۔

"افکار" کا برطانیہ میں اردو ایڈیشن

ماہنامہ "افکار" کراچی کا برطانیہ میں اردو ایڈیشن شائع ہو گیا ہے۔ [illegible]

بھارت کی چند تازہ مطبوعات

منظر - شخصیت اور فن

[illegible]

رنگ شکستہ

[illegible]

موسم سنگ

[illegible]

انداز بیاں اور

ابوالمظفر

زمانے کی ترقی علم و فن کی ترقی کے ساتھ ساتھ اردو زبان کی ترقی، سبحان اللہ! کیا کہنے ہیں۔ لنگوٹے سے کرتے، پتلون تک ترقی کے اس دور میں غریب اردو کی جو درگت بنی ہے... بال بال موتی گندھے ہیں۔ ٹک ٹک لو ہے رہا ہے اور اس پیکر ناز و ادا کو دیکھ کر بے اختیار امیر خسرو کا یہ شعر گنگنانے کو جی چاہتا ہے کہ ؎

> تو از پری چابک تری و ز برگ گل نازک تری
> و ز ہر چہ گویم بہتری حقا عجائب دلبری

وہ دور لد گیا جب اردو آپ جناب کی شرافت، نجابت، شستگی، شائستگی رکھتی تھی۔ اب تو ماشاء اللہ یہ زبان بھی اسپے آپ سے نکل کر اسکرٹ پہن کر [illegible]

[illegible]

ایک اور جادوگری بھی ملاحظہ فرمائیے۔ لکھا ہے:

"شعبۂ حادثات کو بہتر بنایا جا رہا ہے"

[illegible]

لوگ کہتے ہیں تو شاید ٹھیک ہی کہتے ہوں گے کہ دنیا اب بیکاریوں کا مرکز اور بیکاروں کا [illegible]

[illegible]

چھٹے اسیر تو بدلا ہوا زمانہ تھا

اقبال

وہ ایک شاعر
وہ اک حکیم
وہ فلسفی ہے
نہیں ۔ نہیں
وہ بلند سب سے
فلک کی ان جانی وسعتوں سے بلند تر ہے
وہ اک مسلمان
وہ عاشقِ تاجدار بطحا
گدائے یثرب
وہ اپنے مولا سے
شوخ لہجے میں
زندگی کی حرارتوں
مرد مہریوں
گل فشانیوں
بے حسی کی تاریکیوں میں پوشیدہ
سنگ ریزوں کی چپقلش کو
شکایتوں کی زبان دے کر
متاعِ اہلِ خرد کو جوشِ جنوں کے تابع بنا رہا تھا
خودی کی منزل کا پاسباں تھا
صداقتوں کے چراغ ہر سو جلا رہا تھا
وطن کی مٹی کا ذرّہ ذرّہ
اسی کے پیغام حریت سے ہوا درخشاں
اسی کے نغموں کی خوشبوئیں
آج تک فضا میں رچی ہوئی ہیں
ہر اک تاریک راستے پر
ہزاروں شمعیں جلی ہوئی ہیں
ہماری رُوحوں کے خول میں
اب بھی اس کا ہی گونجتا ہے

آثم مرزا

غزل : ماجد الباقری

جو کربِ دل میں ستارہ کے وہ کل جہان کا تھا
ہر ایک لمحہ جو گزرا ہے امتحان کا تھا

میں سوچتا ہی رہا اور بنا لیا اس نے
کچھ ایسا ذہن میں نقشہ مرے مکان کا تھا

یہ شخص آج جہاں چھنیاں اگاتا ہے
یہ کھیت اس کا نہیں تھا کسی کسان کا تھا

جہاں سجے تھے برائی نماز کی خاطر
وہیں پہ ایک جنازہ کسی جوان کا تھا

مری نگاہ میں ٹھہرے ہوئے ہیں سیارے
سمندروں میں جو تھا عکس آسمان کا تھا

بڑا سکون تھا تنہائی کے برسنے میں
مگر تھا خوف تو گرتی ہوئی چٹان کا تھا

ہر ایک شعر میں تاریخ تھی زمانے کی!
ہر ایک لفظ میں اک لطف داستان کا تھا

بگولا بن کے اٹھا اور بکھر گیا ماجد
کچھ ایسا زور بلا کا مری اڑان میں تھا

جلسۂ تہنیت

فیض احمد فیض کو ان کی سترسالہ سالگرہ پر تہنیت پیش کرنے کے لیے انجمن اردو کینیڈا کی جانب سے ۲ جون کو سات بجے شام ۲۵۲ بلور اسٹریٹ ویسٹ، کمرہ نمبر ۲۰۴ پر ایک جلسہ منعقد ہوگا جس میں فیض کی شخصیت اور شاعری پر اظہار خیال کیا جائے گا۔ فیض کے کلام پر مبنی ایک مختصر محفل موسیقی بھی پروگرام میں شامل ہے۔ مزید معلومات کے لیے فون کیجئے:

276-1739
292-4391
299-1432

حق تو یہ ہے کہ
حق ادا نہ ہوا

مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں ریسرچ کر رہا تھا ایک روز ایک صاحب کے یہاں ملنے گئی انھوں نے کہا کہ ایک غیر مسلم دوست سے ملیے وہ بہت ہی غیر متعصب ہیں اور کھلے ذہن سے سوچنے کے عادی ہیں خود کو RATIONALIST کہتے ہیں اور جس بات کو صحیح سمجھتے ہیں اس کے اظہار سے نہیں چوکتے۔ ان کے اصرار پر اس غیر مسلم دوست سے ملاقات کے لیے تیار ہو گیا۔ ملاقات ہوئی۔ تھوڑی دیر کی صاحب سلامت کے بعد انھوں نے سوال کیا۔ کیا آجکل کے مسائل کا کوئی حل ہے؟ میں نے کہا اس کے لیے خود آپ کو کوشش کرنی چاہئے کہنے لگے کہ ہر پارٹی دعوی کرتی ہے کہ اس کے اصولوں میں تمام مسائل کا حل ہے۔ پھر آپ ہی بتایئے کہ کوئی کس کی بات مانے؟ میں نے کہا کہ سب کی باتیں سنیے۔ ان کے اصولوں کا عقلی طور پر تجزیہ کیجیے اور پھر جس پارٹی کی بات کو آپ کی عقل صحیح و معقول پائے اس کو قبول کر لیجیے۔ کہنے لگے کہ میرے خیال میں تو تمام مسائل کا کوئی حل ہے ہی نہیں اور میں سب کو یکساں سمجھتا ہوں میرے نزدیک چور، بدمعاش اور شریف سب برابر ہیں میں نے کہا کہ اگر آپ اچھے اور برے کی تمیز سے بے پرواہ ہیں اور آپ کی نگاہ میں ظالم و مظلوم، قاتل و مقتول، بدمعاش و شریف اور نیک و بد یکساں ہیں تو پھر خرابیوں پر شور مچانا، لیڈروں اور حکومت پر فریاد و فغاں کی آوازیں بلند کرنے کی قطعی ضرورت نہیں ہے فرمانے لگے ہونا بھی یہی چاہیے۔ میں نے کہا اگر آپ یہ تسلیم کر لیتے ہیں تو میں آپ کو تمام مسائل کا حل بتاتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ آپ تمام لوگوں کو حکم دیدیں کہ بلا کسی تاخیر کے خودکشی کر لیں اس لیے کہ اس کے علاوہ انسان کے لیے راحت و سکون کا کوئی دوسرا ذریعہ باقی نہیں رہتا ہے۔ ناامیدی کی آگ میں سلگتے رہنے سے زیادہ بہتر ہے کہ آدمی ابدی نیند کے ذریعہ روح کو اس بلا سے ہمیشہ کے لیے نجات دلا دے۔

یہ سن کر ان کے چہرے پر ایک سنجیدگی سی ہویدا ہوئی اور وہ ایک گہری خاموشی میں ڈوب گئے۔

تھوڑی دیر بعد خاموشی کو توڑتے ہوئے انھوں نے سوال کیا کہ ہندوستان میں اسلامی انقلاب کب آئے گا؟ ایک غیر مسلم کی زبان سے اس طرح کے سوال سننے کا پہلا موقع تھا اس لیے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ نفسیاتی طور پر میری کیا حالت ہوئی ہوگی۔ ایک طرف خوشی کی لہریں تھیں تو دوسری طرف اس کے جواب کی الجھنیں۔ تھوڑی دیر کے لیے تو میں اس غیر متوقع سوال پر مبہوت ہو کر رہ گیا تھا۔ ہوش و حواس کو سنبھالتے ہوئے میں نے کہا کہ میں کسی تاریخ کا تعین تو نہیں کر سکتا لیکن اتنا ضرور عرض کروں گا کہ اگر ہندوستان کے شہریوں کی اکثریت شعوری طور پر اس نتیجہ پر پہنچتی ہے کہ ہندوستان کے مسائل کا حقیقی حل ISLAMIC VIEW POINT ہی ہے اور بہتر سماج کی تشکیل صرف اسلامی اصولوں ہی پر ممکن ہے تو کسی فرد یا پارٹی کی طاقت نہیں ہے کہ جو اس اسلامی انقلاب کو روک دے۔ آج ہم بھی چاہتے ہیں کہ ہندوستان کے عوام و خواص جہاں کمیونزم، سوشلزم اور سرمایہ دارانہ جمہوریت کا مطالعہ کر چکے ہیں اور اپنی پسند کے مطابق ان میں سے کسی ایک کا انتخاب کرتے ہیں ٹھیک اسی طرح اسلام کا مطالعہ کریں۔ تنقیدی جائزہ لیں اور دیکھیں کہ کیا وہ ہندوستان کی تعمیر میں کوئی بہتر رول ادا کر سکتا ہے یا اس کے مسائل کو بہتر انداز سے حل کر سکتا ہے یا نہیں؟ ہم کسی سے کوئی بات بجبر نہیں منوانا چاہتے اگر مطالعہ کے بعد کوئی شخص اس نتیجہ پر پہنچتا ہے کہ اسلام ہندوستان کے مسائل کو حل نہیں کر سکتا تو اسے حق ہے کہ ایسا خیال رکھے ہمارا مدعا صرف یہ ہے کہ لوگ کم از کم خود مطالعہ کر کے دیکھیں کہ اسلام کیا ہے اور کیا نہیں ہے محض سنی سنائی باتوں پر اعتماد کر کے نہ بیٹھ جائیں اور اس بنا پر کہ کچھ لوگوں نے ان کے ساتھ زیادتی کی ہے جن کے نام مسلمانوں جیسے تھے اسلام سے

کچھ یادیں کچھ باتیں

نفرت نہ کریں۔ ظلم بہرحال ظلم ہے چاہے کسی کے ہاتھوں ہوا ہو اور اسلام ہر ظلم کا مخالف ہے اس لیے ہر ظالم اس کا نا قابل ہے اسے ہی تلافی جب تک کوئی غیر مسلم ہو سکتا ہے کیوں کہ ان کی وجہ سے اسلام کی الٰہی تعلیمات لوگوں تک پہنچانے میں خود ہمیں زحمت ہوتی ہے۔ میری باتیں سن کر فرمایا کہ میں آپ کی اس بات سے بالکل متفق ہوں کہ اگر یہاں کے عوام کی اکثریت ہندوستان کی بہتری کے لیے ISLAMIC VIEW POINT کو ضروری سمجھتی ہے تو اسلامی انقلاب کو کوئی طاقت نہیں روک سکتی ہے۔

ان کی زبان سے یہ الفاظ سن کر جہاں ان کے غیر متعصب اور RATIONALIST ہونے کا اندازہ ہوا وہیں دل میں مجرمانہ غفلت کا تیر چبھتا ہوا محسوس ہوا کہ کیا واقعی ہم بندگان خدا تک خدائی پیغام پہنچانے کا حق ادا کر رہے ہیں؟ (ڈاکٹر محمد سعید الاعظمی)

ہفت روزہ
دعوت
نئی دہلی

ONTARIO'S FISH TESTING PROGRAM



انٹاریو مچھلی کے شکار کے سلسلے میں بڑی شہرت رکھتا ہے۔ حکومت انٹاریو اپنے تحقیقی اور تجرباتی پروگراموں سے ان کی تعداد ذرائع کی برابر جانچ پڑتال کرتی رہتی ہے۔ ابتک تقریباً ۱۰۳۶ جھیلوں اور دریاؤں کی جانچ کی جا چکی ہے۔

"GUIDE TO EATING ONTARIO SPORT FISH"

"Guide to Eating Ontario Sport Fish" (Northern Ontario, Southern Ontario and Great Lakes editions).

اس تحقیق کے نتائج تین کتابچوں کی صورت میں شائع ہو چکے ہیں۔ جس کا نام ہے:

NOW AVAILABLE FOR 1981

آپ اس کتابچہ کی مفت کاپی ذیل کی وزارتوں کے ذریعہ آسانی سے حاصل کر سکتے ہیں یا ذیل کا کوپن پُر کر کے بھیج دیجیئے۔

THE ONTARIO MINISTRY OF THE ENVIRONMENT
THE ONTARIO MINISTRY OF NATURAL RESOURCES
THE ONTARIO MINISTRY OF NORTHERN AFFAIRS

Ministry of the Environment
HON. KEITH NORTON
MINISTER

Ontario

Ministry of Natural Resources
HON. ALAN POPE
MINISTER

INFORMATION SERVICES BRANCH
ONTARIO MINISTRY OF THE ENVIRONMENT
P.O. BOX 2700, TERMINAL "A", TORONTO, ONTARIO M5W 1H3

PLEASE SEND ME THE INDICATED BOOKLET "GUIDE TO EATING ONTARIO SPORT FISH"

☐ Northern Ontario ☐ Southern Ontario ☐ Great Lakes

INITIALS SURNAME

HOUSE/APT. NO. STREET NAME/R/R

CITY/TOWN

PROVINCE POSTAL CODE

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

ایک تعلیم یافتہ، ملازم سرکار، معزز خاندان کے ۲۵ سالہ خوش شکل و خوش خلق نوجوان کے لیے رشتہ مطلوب ہے۔ بجز ذات پات اور تعلیم کی کوئی قید نہیں۔ لڑکی خواہ پاکستانی ہو خواہ ہندوستانی۔ تفصیلات کے لیے خط لکھئیے:

M. R. C/O AL-HILAL

•

ہندوستان میں مقیم شریف گھرانے کی مسلمان لڑکی عمر اندازاً ۲۰ سال کے لیئے مناسب رشتہ مطلوب ہے۔ لڑکا خواہ کہیں کا ہو لیکن عملی مسلمان ضرور ہو۔ دلچسپی رکھنے والے اپنے کوائف کے ساتھ پتہ ذیل کی معرفت خط لکھیں۔

HASAN C/O AL-HILAL

آئین جوانمرداں حق گوئی و بیباکی
کی زندہ مثال
مسلمانانِ عالم کے لیئے پیغام بیداری
دنیا بھر میں اپنی طرز کا واحد جریدہ
اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان

"کریسنٹ انٹرنیشنل"

جو فورا نزدیک سے انگریزی زبان میں ہر پندرہ دن بعد شائع ہوتا ہے اور دنیا کے کونے کونے میں بھیجا جاتا ہے۔

"الہلال" کے خریدار صرف سات ڈالر میں یہ پرچہ سال بھر کے لیے حاصل کر سکتے ہیں۔ ملاحظہ کیجیے کوپن صفحہ آخر پر۔

غیر سُودی تجارت
اسلامی لٹریچر کی طباعت و اشاعت میں سرمایہ لگائیے
معقول منافع
اجر و ثواب تا قیامت
تفصیلات کے لیے لکھئے

RAZI PUBLICATIONS
1520 N Wells St., Chicago,
IL 60610, USA Tele: (312) 642-1301

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف ۵ ڈالر ہے جس کی پیشگی ادائی ضروری ہے)



امریکہ میں ..... پہلے مسلمان جج کا تقرر

قرآنی تعلیمات میری رہنمائی کرتی ہیں

الحاج آدم عبدالشکور

کراچی ـــــ سائٹ رپورٹ، الحاج آدم عبدالشکور امریکہ اور لیبرٹی کے پہلے مسلمان جج ہیں جن کا تقرر گورنر نے کیا ہے۔ وہ ڈیٹرائٹ کامن پلیز کورٹ میں جب لوگ مقدمے کر ان کی عدالت میں آتے ہیں تو وہ ان سے کہتے ہیں کہ جج اصول پیری پر فیصلہ کرتے ہیں اور قرآنی تعلیمات پر ان اور میں اس بات پر یقین رکھتا ہوں کہ ہر شخص کے ساتھ انصاف ہونا چاہیے۔ ۴۳ سالہ الحاج شکور کہتے ہیں انسان خطرات ... سے وہ ... کا نفاذ نہیں کر سکتا لیکن ... الحاج شکور کی تقرری گزشتہ ماہ گورنر ولیم جی ملیکن کے حکم پر عمل میں آئی ہے وہ عام طور پر مالک مکان اور کرایہ داروں کے تنازعات کے متعلق سماعت کرتے ہیں ... الحاج شکور کی ملاقات ... ہے کہ وہ اپنی مدت پوری ہونے کے بعد انتخابات میں حصہ لیں گے۔

برمنگھم میں بوڑھے ایشیائی کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں

بہت بوڑھے افراد صرف ۲۰ پونڈ ہفتہ پر گذارہ کرتے ہیں

[illegible]



روسی بربریت نے افغان بچوں اور خواتین کو بھی نہیں بخشا

سول اسپتال میں ایسے چار افراد داخل ہیں، جن کے بچنے کی کوئی امید نہیں تھی

شوبایا مرجھان کے تین آپریشن ہو چکے ہیں مکمل صحت یابی میں دو سال کی مدت لگے گی؟

زخمیوں کی عیادت کی ... آفاق روائی

[illegible]

جمیلہ کا مجاہد بیٹا

[illegible]

You belong to Canada



...and Canada belongs to you

آپ کینیڈا سے وابستہ ہیں اور کینیڈا آپ سے .....

کینیڈا آپ کا ملک ہے ۔ ہر صوبہ، ہر شہر اور ہر دیہات ۔ مشرق میں خوبصورت صوبے، سمندر کے دلکش اعلیٰ قومی علاقے، دور مغرب میں سربفلک چٹانیں، اعلیٰ قدرتی حسن کی سرزمین، پُرفریب اور مہربان، مختلف ہر رنگ کی ... کے قریب ... جو کوئی اور ملک نہیں پیش کر سکتا۔

اس سال اپنے کینیڈا کے کسی دوسرے حصے کے بارے میں جانیے۔ اپنے "پرانے وطن" سے اپنے دوست احباب اور رشتہ داروں کو مدعو کیجیے۔ ... یہاں آ کر آپ کی خوشیوں اور آپ کے احساس فخر میں شریک ہو سکیں۔

Canada

So much to go for.

Canadian Government Office of Tourism | Office de tourisme du Canada

گاندھی جی تحریک آزادی کی قیادت مسلمانوں سے چھین لینا چاہتے تھے

وہ چاہتے تو بھگت سنگھ اور ان کے ساتھیوں کو پھانسی سے بچا سکتے تھے

گاندھی جی نے ہندستانی انقلابیوں کے حوصلے پست کر دیئے تھے

کراچی ـــــ ہندوستان میں تحریک آزادی کے سرگرم رہنما ... کپیر سنگھ نے کہا ہے کہ ۱۹۲۲ء میں تحریک عدم تعاون واپس لینے کے گاندھی جی کے فیصلے سے انقلابیوں کے حوصلے پست ہو گئے تھے جس کی وجہ سے ہندوستان کی آزادی کے حصول میں ۱۹۴۷ء تک تاخیر ہوئی۔ یہ بات انہوں نے آگرہ میں ہونے والی انقلابیوں کی ... کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے کہی۔ اس کانفرنس کے شرکاء نے ... یہ خیال ظاہر کیا کہ ۱۹۲۲ء میں چوری چورا کے واقعے کے بعد جس میں چند پولیس والے ہلاک ہو گئے تھے تحریک عدم تعاون ختم کرنے کا اعلان کر کے ہندوستان کی آزادی کو ۱۹۴۷ء تک ٹال دیا گیا تھا ... انگریز نے اس خیال کا اظہار کیا کہ گاندھی جی نے تحریک آزادی کی قیادت مسلمانوں کے ہاتھوں میں جانے سے روکنے کے لئے یہ تحریک واپس لی ... مولانا محمد علی جوہر جیسے لیڈروں کی ...

[illegible]

بھارت میں فوجی انقلاب کے لئے منصوبے کا انکشاف

مشرقی بھارت میں فوجی کمانڈروں کا خفیہ اجلاس … حکومت کا تختہ الٹنے اور فوجی انقلاب … پر غور کیا گیا۔ حکمراں جماعت فوج کو سیاسی مقاصد کیلئے استعمال کرکے مداخلت کر رہی ہے، کمانڈروں کا الزام

خفیہ کانفرنس اور شریک فوجی افسروں کی تفتیش کی جائے

افغانستان میں تین سال کے اندر دانشوروں اور ماہرین کا صفایا کر دیا گیا

نرگس

نسلی تعصب کی بناء پر ہونے والے حملے کی صورت میں اب آپ رپورٹ کے علاوہ بھی بہت کچھ کر سکتے ہیں۔

NOW, YOU CAN DO MORE THAN JUST REPORT A RACIAL ATTACK.

اٹارنی جنرل کی منظوری سے نسلی تعصب رکھنے والے مجرموں کا شکار بننے والوں کی مدد کے لیے ایک نئی قانونی سروس شروع کی گئی ہے۔ جس کے لیے آپ اس نمبر پر فون کر سکتے ہیں:

366-3080

اس سروس سے ان لوگوں کی مدد ہوگی جن پر کیے جانے والے نسلی حملے کی پولیس نے چھان بین تو کر لی لیکن مجرموں پر کوئی چارج نہیں لگایا۔

اور یہ نہایت اہم ہے کہ کسی حادثے کی پہلے پولیس کے ذریعے تحقیق ہو۔ یہ قانونی ایجنسی سروس نہیں ہے۔

کے متعلق کارروائی شروع کرنے کے بارے میں بتایا جائے گا۔ یاد رکھیئے کہ پولیس چارج نہ لگائے تب بھی آپ خود چارج لگا سکتے ہیں۔



R. Roy McMurtry,
Attorney General

Ontario

بچپن سا ہونا نکالا ہے لئے بڑا مفروں۔ پھر وہ زمانہ آیا کہ ایک نہیں کئی خطیبانہ مسجد اور کتنے ہی اسلامی اخبارات کے مدیر کی تجویان اور ہتھیں دم کٹا کرنے کے شاہرات بھی سے لطف اندوز ہونے لگیں۔

اشتہارات بڑے عجیب سے تھے ... "یہ کالا سپا" ...

[illegible]

[illegible]

اور ناصرہ کا ضمیر بڑا مطمئن تھا کہ
شام اور زندگی خوش ہیں کہ کا سے کر دم

[illegible]

افسانہ

دُم کٹی لومڑی

نعیم صدیقی



اسے وہ بچپن کی کہانی کبھی نہ بھولی ہے اس نے نانی اماں کی زبانی اپنے بچپنے میں بارہا سنا تھا جب سے کے سونے کا وقت آتا تو وہ نانی اماں کے لحاف میں جا گھستی اور کہتی کہ نانی اماں وہ دم کٹی لومڑی! ..... سناؤ، سناؤ نانی اماں اپنے پوپلے منہ سے نکلنے والی آواز میں یہ کہانی سنانے لگتیں بات کو داستان گوئی کے انداز سے لمبا کرکے ... [illegible]

[illegible]

انٹاریو پلیس

آپ کے
خاندان کی تفریح کے لیئے ایک
پُرلطف مقام



ONTARIO PLACE جو وسیع سبزہ زار اور تین تعمیر شدہ جزیروں پر مشتمل انٹاریو جھیل کے خنک ساحل پر واقع ہے۔ اس کے FORUM میں ہر شام بین الاقوامی شہرت رکھنے والے ستارے اپنا فن پیش کرتے ہیں۔ یہاں پر واٹر سلائیڈ، ڈاسکر رولر رِنگ، بچوں کے کھیل کود کا علاقہ، عمدہ ریسٹورانٹس، بمپر بوٹس، پیڈل بوٹس، مرینا اور چھ منزلہ اونچائی پر مشتمل ایک فلم اسکرین ہے۔ اس کے علاوہ اور بھی بے شمار چیزیں ہیں۔

ONTARIO NORTH NOW ایک دیکھنے اور سننے والی چیز ہے جو WEST ISLAND کے نو (۹) پویلین میں شمالی انٹاریو NORTHERN ONTARIO کا ولولہ اور حسن پیش کرتی ہے۔

انٹاریو پلیس اب کھل چکا ہے۔

اور یہ سب آپ کیلئے ہے!

It's all yours.

ontario place

355 Lakeshore Blvd. West, Toronto, Ontario, Canada. M6K 3B9. (416) 965-7711.
A Crown Corporation of the Government of Ontario, Ministry of Industry and Tourism,
Hon. Larry Grossman, Minister.

fortnightly
al-Hilal
VOL.10 NO.5
MAY 20, 1981
Phone: 424-1989, 493-4374
50 ¢
338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ont.
Canada M2H 2P6

NUMBERED 7016

HIS HIGHNESS PRINCE SULTAN BIN ABDUL AZIZ
MINISTER FOR DEFENCE DEFENCE MINISTRY OFFICE RIYADH (S.A.)

TXT:-

I APOLOGISE FOR TROUBLING YOUR HIGHNESS BY DIRECTLY SUBMITTING THIS TELEGRAM STOP I HAVE ALREADY SENT A COUPLE OF TELEGRAMS BEFORE BUT HAVE NOT BEEN REPLIED STOP I KNOW YOUR HIGHNESS WAS VERY BUSY WITH HIS ISLAMIC SUMMIT STOP I HAD MADE MY REQUEST IN THE TELEGRAMS ALREADY SUBMITTED I HAVE NO RIGHT ON YOUR HIGHNESS BUT AS A MUSLIM BROTHER AND YOUR HIGHNESS WAS VERY KIND TO ME IN THE PAST I AM TAKING THE LIBERTY OF MAKING MY REQUEST THROUGH THIS TELEGRAM AGAIN STOP

I AM FORMER MINISTER OF HIS EXCELLENCY LATE MR BHUTTO'S GOVT AND HEAD OF MY TRIBE WHICH IS CALLED THE [illegible] IN THE PROVINCE OF SIND PAK MY OWN PROPERTY AGRICULTURAL LANDS AND TEXTILE MILLS BUT THE PRESENT JUNTA RULING PAKISTAN HAS SEALED ALL STOP I REQUEST YOU TO KINDLY GIVE ME A LOAN OF 300000 STERLING POUNDS BECAUSE I AM IN GREAT FINANCIAL TROUBLE I HAVE TO PAY A LOT OF LOANS BACK I HAD A STROKE ATTACK AND WAS IN HOSPITAL UNTILL ONLY YESTERDAY AND AM CONFINED TO BED AND I HAVE TO PAY THOSE BILLS ALSO STOP

I HAVE ALREADY REQUESTED YOU Y HIGHNESS THAT I HAVE NO RIGHT ON YOU THIS WILL BE A PERSONAL FAVOUR TO ME KINDLY SEND ME THIS MONEY AND TELL YOUR REPRESENTATIVE TO [illegible] ME ON THE FOLLOWING ADDRESS I AM EAGERLY AWAITING FOR YOUR KINDNESS STOP WITH PROFOUND REGARDS

FROM:- JAM SADIQ ALI FORMER MINISTER IN HIS EXCELLENCY LATE MR BHUTTO'S GOVERNMENT ADDRESS IS :-
1 GLENLOCK ROAD LONDON [illegible] TELEPHONE NUMBER IS:- [illegible]

شہزادہ سلطان کے نام جام صادق کے تار کا عکس

دو لاکھ پونڈ کی فراہمی کے لیے سعودی وزیر دفاع کو جام صادق کا تار

مالی بدحالی کے بہانے پاکستان کے خلاف سرگرمیوں کے لیے رقوم جمع کرنے کی سازش کا انکشاف

[illegible]

بدعنوان اور تخریبی سرگرمیوں میں ملوث سرکاری ملازمین کو برطرف کر دیا جائے گا

تخریب کاروں سے وابستگی اور سرکاری راز کے افشا پر بھی ملازمت ختم کی جائے گی

[illegible]

حسینہ شیخ ہر قیمت پر بنگلہ دیش کی صدر بننا چاہتی ہیں

"مجھے موت کا خوف ہے نہ حکومت کی طاقت کا، خطرات کے بغیر زندگی اپنی عظمت کھو بیٹھتی ہے"

[illegible]

سعادت بلوچ کے بھائی بشارت کی کراچی میں بلا الزام و ثبوت گرفتاری

پولیس ریمانڈ کے بعد عثمان ...

[illegible]

تحریک نظام مصطفیٰ کے جذبہ کو بیدار رکھیے!

[illegible]

کتاب ... عالمگیر فتنے ضبط کر لی گئی

[illegible]

یہ بھارت ہے

[illegible]

کراچی میں ۴۴ سال بعد پہلی بار جمعہ کو بازار کھلے

خریداری میں بہت کم لوگ

[illegible]



بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان
پندرہ روزہ
الہلال
ٹورنٹو کینیڈا
سالانہ زرِ خریداری برائے "الہلال": دس ڈالر
سالانہ زرِ خریداری برائے "کریسنٹ": دس ڈالر
سالانہ زرِ خریداری برائے "الہلال و کریسنٹ": سترہ ڈالر
کوپن خریداری
Name ......
Address ......
Postal Code ......
Telephone No. ......
زرِ خریداری کا چیک "کریسنٹ" کے نام لکھئے اور ذیل کے پتہ پر بھیجئے۔
338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
اگر آپ اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان "کریسنٹ" (انگریزی) بطور نمونہ حاصل کرنا چاہیں تو یہاں نشان لگائیے ☐